VDH VIRGINIA DEPARTMENT OF HEALTH
*Office of Vital Records*

# Bear-y بہترین وسائل کی رہنمائی

## نئے والدین کے لیے

### آپ اور آپ کے نئے بچے کا خیال رکھنا!



# دنیا میں خوش آمدید،
# ننھے مہمان!

سیکھنے اور تیاری کرنے کے لیے بہت کچھ ہے! یہ رہنمائی اس **انتہائی** خاص وقت میں آپ کا ساتھ دینے کے لیے ہے، تاکہ اس شاندار سفر کا آغاز کرتے ہوئے آپ خود کو پُراعتماد اور مکمل طور پر تیار محسوس کریں۔

## فہرست مضامین


پیدائش کا اندراج ........ 02
پیدائش سرٹیفکیٹ ........ 03
نام ........ 05
سوشل سیکیورٹی ........ 07
گھر پر پیدائش ........ 08
فیملی کی تفصیلات ........ 09
گود لینا ........ 10
سروگیسی (کرائے کی ماں) ........ 11
نئے والدین کے لیے پانچ مفید تجاویز ........ 12
رضاکارانہ طور پر ولدیت کا اندراج ........ 13
بچوں کی کفالت ........ 15
بچپن کی حفاظتی ٹیکہ کاری ........ 16
اپنی بعد از زچگی ملاقات کا وقت طے کریں ........ 17
نوزائیدہ اسکریننگ پروگرام ........ 18
نوزائیدہ اسکریننگ: CCHD (پیدائشی دل کی سنگین بیماریوں کی اسکریننگ) ........ 18
نوزائیدہ کے خون کے نمونے کی اسکریننگ ........ 19
ابتدائی سماعت کی جانچ اور مداخلت ........ 21
اوائل بچپن ہوم وزٹنگ ........ 24
کیئر کنکشن فار چلڈرن ........ 25
WIC (خواتین، شیر خوار اور بچوں کے لیے غذائی پروگرام) ... 26
VitalChek ........ 27

# پیدائش کا اندراج

## میں زچگی کے بعد کیا توقع کر سکتی ہوں؟

بچے کی پیدائش کے فوراً بعد، اسپتال کا عملہ یا برتھ رجسٹرار آپ سے اہم معلومات حاصل کرے گا تاکہ پیدائش سرٹیفکیٹ مکمل کیا جا سکے۔ درست اور سچی تفصیلات فراہم کرنا بہت ضروری ہے تاکہ سرٹیفکیٹ درست بنایا جا سکے اور مستقبل میں کسی تاخیر یا مسئلے سے بچا جا سکے۔

برتھ رجسٹرار اس پورے عمل میں آپ کی رہنمائی کے لیے موجود ہوگا، آپ کے سوالات کا جواب دے گا، اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ سب کچھ بخوبی انجام پائے۔ اس مرحلے کو توجہ اور احتیاط سے مکمل کرنا آپ کے بچے کی شناخت کے تحفظ میں مدد دیتا ہے اور ابتدا ہی سے اہم سہولیات اور فوائد تک رسائی کو یقینی بناتا ہے۔



**یہاں کچھ سوالات ہیں جو آپ سے پوچھے جا سکتے ہیں، اگر ان کا اطلاق ہوتا ہو:**

- ماں کی نسل کیا ہے؟
- ماں کی ہسپانوی اصل کیا ہے؟
- والدین نے کہاں تک اعلی تعلیم حاصل کیا ہے؟
- کیا ماں نے WIC کی سہولت حاصل کی؟

تمام معلومات جمع کرنے کے بعد، اسپتال یہ تفصیلات آفس آف وائٹل ریکارڈز (OVR) کو بھیج دے گا تاکہ آپ کے بچے کی پیدائش کو باضابطہ طور پر رجسٹر کیا جا سکے۔ یہ مرحلہ آپ کے بچے کی قانونی شناخت قائم کرنے میں مدد دیتا ہے اور اہم خدمات تک رسائی کو یقینی بناتا ہے۔

اسے سمجھنا **"انتہائی"** ضروری ہے!
مزید معلومات کے لیے، QR کوڈ پر کلک کریں اور ہماری نئے والدین کے وسائل کے صفحے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

# پیدائش سرٹیفکیٹ

## یہ ذاتی معلومات کیوں جمع کی جاتی ہیں؟

نیشنل سینٹر فار ہیلتھ اسٹیٹسٹکس (NCHS) اور آفس آف وائٹل ریکارڈز (OVR) یہ معلومات اس لیے مانگتے ہیں تاکہ آپ کی کمیونٹی میں والدین اور بچوں کی صحت کو بہتر بنانے میں مدد مل سکے۔ درست معلومات کی مدد سے پیدائش کی شرح اور نوزائیدہ بچوں کی صحت جیسے اہم پہلوؤں کی نگرانی ممکن ہوتی ہے، جس سے خاندانوں کے لیے بہتر صحت پروگرام اور خدمات تیار کرنے میں مدد ملتی ہے۔ یہ معلومات فراہم کر کے آپ اس بات میں مدد کر رہے ہیں کہ ہر فرد کو وہ نگہداشت میسر ہوسکے جس کی انہیں ضرورت ہے۔

## میرے بچے کے پیدائش سرٹیفکیٹ میں کون سی معلومات شامل ہوتی ہیں؟

عام طور پر معیاری مختصر پیدائش سرٹیفکیٹ فارم میں درج ذیل بنیادی تفصیلات شامل ہوتی ہیں:

- اسٹیٹ فائل نمبر
- بچے کا مکمل نام، تاریخ پیدائش، جنس، مقام پیدائش (شہر یا کاؤنٹی)
- والدہ/والدین اول کا شادی سے پہلے کا مکمل نام، عمر، پیدائش کا صوبہ/ملک
- والد/والدین دوم کا مکمل نام، عمر، پیدائش کا صوبہ/ملک
- ریکارڈ جمع کروانے کی تاریخ







## میں اپنے بچے کا پیدائش سرٹیفکیٹ کیسے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

اپنے بچے کا پیدائش سرٹیفکیٹ مکمل کرنا نہایت آسان ہے!

اسپتال میں، آپ اور بچے کے والد یا شریکِ حیات (اگر لاگو ہو) سرٹیفکیٹ کا جائزہ لے سکتے ہیں اور اسے الیکٹرانک طور پر دستخط کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد اسپتال یہ معلومات محفوظ طریقے سے براہِ راست آفس آف وائٹل ریکارڈز (OVR) کو تصدیق اور فائلنگ کے لیے بھیج دیتا ہے۔ اس عمل کے دوران آپ آسانی سے ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے آن لائن ادائیگی کر سکتے ہیں، اور زیادہ تر صورتوں میں چند دنوں کے اندر اپنے مقامی محکمہ صحت، DMV، یا رچمنڈ میں آفس آف وائٹل ریکارڈز سے سرٹیفکیٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کے پاس یہ اختیار بھی ہے کہ سرٹیفکیٹ بذریعہ ڈاک براہِ راست آپ کو بھیج دیا جائے۔

اگر اسپتال کا الیکٹرانک نظام دستیاب نہ ہو تو فکر نہ کریں—آپ آن لائن درخواست دے سکتے ہیں یا برتھ رجسٹرار کے ساتھ کاغذی فارم پُر کر سکتے ہیں۔ اگر اسپتال اجازت دے تو چیک یا منی آرڈر کے ذریعے ادائیگی بھی قبول کی جا سکتی ہے۔ درخواست مکمل ہونے کے بعد، آفس آف وائٹل ریکارڈز تصدیق شدہ کاپی/کاپیاں فراہم کردہ پتے پر بذریعہ ڈاک براہ راست بھیج دے گا۔

جب پیدائش سرٹیفکیٹ بذریعہ ڈاک موصول ہوگا تو یہ کسی لفافے میں نہیں ہوگا۔ بلکہ اوپر دکھائی گئی تصویر کے مطابق پریشر سیلڈ سیلف میلر کی صورت میں ہوگا۔

اس موضوع پر **"انتہائی"** مفید معلومات تک رسائی کے لیے اس QR کوڈ کو اسکین کریں!

# نام

## "میڈن (Maiden)" نام کیا ہے؟


اس کا مطلب ہے آپ کا مکمل پیدائشی نام — یا کوئی بھی قانونی طور پر تبدیل شدہ نام — سوائے شادی کے بعد والے آخری نام کے۔ اگر پیدائش کے وقت آپ کا کوئی آخری نام نہیں تھا یا آپ کے ملک میں آخری نام کا رواج نہیں ہے تو آپ اسے خالی چھوڑ سکتے ہیں۔

## میں اپنے بچے کا کیا نام رکھ سکتا/سکتی ہوں؟

اپنے بچے کا نام منتخب کرنا ایک **"انتہائی"** اہم فیصلہ ہے۔ ورجینیا میں کسی بھی نام کی اجازت ہے، لیکن سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (SSA) الیکٹرانک درخواست میں خصوصی علامات یا لہجے والا نام قبول نہیں کرتی۔ اگر آپ کے بچے کے نام میں ایسی علامات شامل ہیں تو آپ کو SSA کے ساتھ براہِ راست سوشل سیکیورٹی کارڈ کے لیے درخواست دینا ہوگا۔

## اگر میرے بچے کا نام اسپتال سے نکلنے سے پہلے طے نہ ہوپائے تو کیا ہوگا؟

ایسی صورت میں OVR برتھ رجسٹرار سے کہتا ہے کہ وہ بچے کو آپ کا آخری نام درج کر کے سرٹیفکیٹ انہیں بھیج دے۔ تاہم براہِ کرم یہ بات ذہن میں رکھیں کہ ایسی حالت میں نہ پیدائش سرٹیفکیٹ اور نہ ہی سوشل سیکیورٹی کارڈ آرڈر کیا جا سکتا ہے۔



## کیا میں اپنے بچے کے لیے ایک سے زیادہ خاندانی نام (آخری نام) استعمال کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ اپنے بچے کے لیے کوئی بھی نام منتخب کرنے میں آزاد ہیں، لیکن اپنی صورتِ حال کو مدِنظر رکھنا مفید ہے—خاص طور پر دوہری شہریت کی صورت میں، کیونکہ اگر والدین شادی شدہ نہ ہوں اور ولدیت تسلیم شدہ نہ ہو تو پاسپورٹ سے متعلق امور زیادہ پیچیدہ ہو سکتے ہیں۔

## وائٹل ریکارڈز میں اندراج کے بعد میں اپنے بچے کا نام کیسے تبدیل کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ اپنے بچے کا پہلا اور درمیانی نام ان کے پہلے سال کے اندر کسی بھی وقت ایک حلف نامہ برائے تصحیح جمع کروا کر اور ایک معمولی سی فیس ادا کر کے تبدیل کر سکتے ہیں۔ 30 دن کے بعد آخری نام تبدیل کرنے کے لیے سرکٹ کورٹ سے عدالتی حکم درکار ہوتا ہے۔



## اپیدائش سے پہلے پنے بچے کا نام منتخب کریں

| بچے کے نام کی منصوبہ بندی | | | |
|---|---|---|---|
| لڑکا | | لڑکی | |
| پہلا نام | درمیانی نام | پہلا نام | درمیانی نام |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

# سوشل سیکیورٹی

## میں اپنے نوزائیدہ بچے کے لیے سوشل سیکیورٹی نمبر کیسے حاصل کروں؟

یہ ایک اچھا خیال ہے کہ اسپتال میں پیدائش سرٹیفکیٹ آرڈر کرتے وقت ہی اپنے بچے کے سوشل سیکیورٹی نمبر کے لیے درخواست بھی دے دیں۔ آفس آف وائٹل ریکارڈز (OVR) آپ کی درخواست الیکٹرانک طور پر سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (SSA) کو بھیج دے گا۔ **عام طور پر 6 ہفتوں کے اندر آپ کو اپنے بچے کا سوشل سیکیورٹی کارڈ بذریعہ ڈاک موصول ہو جاتا ہے۔**

**"انتہائی"** ضروری بات جان لیں! اگر ماں، باپ یا بچے کے نام میں کوئی اعراب یا خاص علامت ہو، تو SSA درخواست قبول نہیں کرے گا۔ فکر نہ کریں—ہائفن (-) والے نام بالکل قابلِ قبول ہیں!




## اگر میں نے اسپتال میں اپنے نئے بچے کے سوشل سیکیورٹی کارڈ کے لیے درخواست نہیں دیا ہے تو اب کیسے کروں؟

اگر آپ نے اسپتال میں کارڈ کے لیے درخواست نہیں دینے کا فیصلہ کیا ہے، تو آپ کو خود اپنے مقامی SSA دفتر میں ملاقات کا وقت طے کرکے اس عمل کو شروع کرنا ہوگا۔ یقینی بنائیں کہ اپنے بچے کا پیدائش سرٹیفکیٹ ساتھ لے جائیں!

## اگر متوقع وقت میں کارڈ موصول نہ ہو تو میں کس سے رابطہ کروں؟

اگر معمول کے عمل کے بعد بھی آپ کو اپنے بچے کا سوشل سیکیورٹی کارڈ موصول نہیں ہوا، تو براہِ کرم اپنے مقامی سوشل سیکیورٹی دفتر سے رابطہ کریں۔ آپ (TTY 1-800-325-0778) 1-800-772-1213 پر پیر تا جمعہ، صبح 8:00 بجے سے شام 7:00 بجے تک بھی کال کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ان کی ویب سائٹ SSA.GOV ملاحظہ کریں۔

# گھر پر پیدائش

## میں اپنے بچے کی پیدائش غیر متوقع طور پر گھر پر ہونے کے بعد کیسے رجسٹر کروں؟

اگر آپ ورجینیا میں گھر پر بچہ جنم دیتی ہیں اور پھر کسی برتھنگ سینٹر میں منتقل ہو جاتی ہیں، تو زیادہ تر مراکز بچے کی پیدائش کے فوراً بعد کاغذی کارروائی میں آپ کی مدد کے لیے تیار ہوتے ہیں۔ اگر آپ منتقل نہیں ہوتی ہیں، تو فوراً اپنے مقامی محکمہ صحت سے رابطہ کریں۔ **30 دن کے اندر اپنے بچے کی پیدائش رجسٹر کروانا اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ سب کچھ درست ہے۔**

## اگر میں نے دائی یا ڈولا کی موجودگی میں گھر پر بچے کو جنم دیا ہو تو پیدائش سرٹیفکیٹ کیسے رجسٹر ہوتا ہے؟

دائی یا ڈولا تصدیق کنندہ کے طور پر کام کرتی ہے اور اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ بچہ زندہ پیدا ہوا ہے۔ وہ بچے کا نام، تاریخ اور وقتِ پیدائش جیسی تفصیلات کے ساتھ پیدائش کا سرٹیفکیٹ مکمل کرنے میں مدد کرتی ہیں اور پھر اسے مقامی محکمہ صحت یا آفس آف وائٹل ریکارڈز میں جمع کروادیتی ہیں۔

## منصوبہ بند گھر پر پیدائش کے بعد اپنے بچے کا پیدائش رجسٹر کروانے کا طریقہ کیا ہے؟

اگر آپ ورجینیا میں گھر پر بچے کو جنم دیتی ہیں، **تو آپ کو 30 دن کے اندر اپنے مقامی محکمہ صحت میں پیدائش رجسٹر کروانا ضروری ہے۔** اگر پیدائش کے فوراً بعد آپ کو اسپتال منتقل کیا گیا ہو تو اسپتال کا عملہ بھی اس عمل میں مدد کر سکتا ہے۔ اگر آپ کو پیدائش رجسٹر کروانے کے لیے اضافی وقت درکار ہو تو آپ سے درج ذیل ثبوت فراہم کرنے کے لیے کہا جائے گا:

- حمل کا ثبوت
- زندہ پیدائش کا ثبوت
- گھر پر پیدائش – ورجینیا میں رہائش کا ثبوت یا ورجینیا کے اندر کسی اور مقام پر پیدائش کا ثبوت

یہ **"انتہائی"** ضروری ہے! اگر آپ یہ دستاویزات فراہم کرنے سے قاصر ہیں تو آپ کو کسی قانونی نمائندے یا اپنے مقامی سرکٹ کورٹ سے مدد حاصل کرنا ہوگی۔

# فیملی کی تفصیلات

## اگر میں شادی شدہ ہوں لیکن بایولوجیکل (حیاتیاتی) والد سے نہیں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ اپنے بچے کی پیدائش سے 10 ماہ پہلے کسی بھی وقت شادی شدہ رہی ہیں تو آپ کا شریک حیات ورجینیا میں قانونی طور پر والد سمجھا جائے گا۔ اگر آپ کو اپنے بچے کی پیدائش سرٹیفکیٹ میں بایولوجیکل والد کا نام شامل کروانے میں مدد درکار ہو تو براہِ کرم آفس آف وائٹل ریکارڈز سے رابطہ کریں۔ آپ اپنے مقامی جووینائل اینڈ ڈومیسٹک ریلیشنز کورٹ/سرکٹ کورٹ سے بھی رابطہ کر کے قانونی طور پر ولدیت ثابت کر سکتے ہیں۔

## اگر باپ کا انتقال ہو چکا ہے تو کیا میں اسپتال میں بچے کے پیدائش سرٹیفکیٹ پر باپ کا نام شامل کروا سکتی ہوں؟

اگر ماں غیر شادی شدہ ہے اور باپ کا انتقال ہو چکا ہے تو اسپتال میں باپ کا نام پیدائش سرٹیفکیٹ میں شامل نہیں کیا جا سکتا ہے۔ غیر شادی شدہ والدین کے لیے ولدیت کا اعتراف (AOP) فارم ماں، باپ اور بچے کی موجودگی میں مکمل کرنا ضروری ہے۔



البتہ اگر والدین شادی شدہ ہوں تو باپ کا نام پیدائش سرٹیفکیٹ میں شامل کیا جا سکتا ہے۔

## اگر ہم ایک ہم جنس پرست جوڑا ہیں تو پیدائش کی رجسٹریشن کے بارے میں مجھے کیا جاننا چاہیے؟

ورجینیا میں، شادی شدہ ہم جنس جوڑوں کے لیے پیدائش کی رجسٹریشن کا عمل وہی ہے جو مخالف جنس کے شادی شدہ جوڑوں کے لیے ہے، اور عموماً دونوں والدین کے نام پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج کیے جاتے ہیں۔ غیر شادی شدہ ہم جنس جوڑوں کی صورت میں صرف جنم دینے والی ماں کا نام سرٹیفکیٹ پر ظاہر ہوگا۔ دوسرے والدین کے قانونی حقوق کو یقینی بنانے کے لیے عدالتی حکم یا دوسرے والدین کے قانونی گود لینے کی ضرورت پڑسکتی ہے۔

# گود لینا

## اگر میرے بچے کو گود لیا جا رہا ہو تو پیدائش سرٹیفکیٹ کے بارے میں مجھے کیا جاننا چاہیے؟

جب ورجینیا کے کسی اسپتال میں کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے تو اسپتال پیدائشی والدین کی معلومات جمع کر کے آفس آف وائٹل ریکارڈز کو بھیج دیتا ہے تاکہ سرکاری پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کیا جا سکے۔ اس مرحلے پر گود لینے والے والدین پیدائش رجسٹر نہیں کرتے اور اسپتال میں ان کی معلومات شامل نہیں کی جاتی۔ عدالت میں گود لینے کا عمل مکمل ہونے کے بعد ایک نیا پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا ہے جس میں گود لینے والے والدین کو قانونی والدین کے طور پر درج کیا جاتا ہے۔ یہ نیا سرٹیفکیٹ پرانے سرٹیفکیٹ کی جگہ لے لیتا ہے اور بچے کا سرکاری پیدائشی ریکارڈ بن جاتا ہے۔

## اگر پیدائش کے فوراً بعد ہی بچے کو گود لیا جا رہا ہو تو مجھے کیا جاننا چاہیے؟

جب گود لینے کا عمل مکمل ہو جائے، تو گود لینے والے والدین یا ان کے وکیل آفس آف وائٹل ریکارڈز سے نیا پیدائش سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ اپڈیٹ شدہ سرٹیفکیٹ آپ کو بچے کے قانونی والدین کے طور پر ظاہر کرے گا۔



## اگر بچے کی پیدائش کسی اور ریاست میں ہوئی ہے لیکن گود لینے کا عمل ورجینیا میں ہو رہا ہو تو کیا ہوگا؟

اگر بچے کی **پیدائش ورجینیا کے باہر** ہوئی ہے تو ورجینیا پیدائش سرٹیفکیٹ جاری **نہیں کر سکتا** چاہے گود لینے کا عمل یہاں مکمل ہوا ہو۔ ایسی صورت میں، آپ کو ترمیم شدہ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے **اس ریاست کے طریقہ کار** پر عمل کرنا ہوگا جہاں بچہ پیدا ہوا ہے۔ البتہ **اگر پیدائش اور گود لینے کا عمل دونوں** ورجینیا میں ہوا ہے تو آپ آفس آف وائٹل ریکارڈز کے ذریعے ورجینیا کے طریقۂ کار کے مطابق نیا پیدائش سرٹیفکیٹ حاصل کریں گے۔

اس موضوع پر **"انتہائی"** مفید معلومات تک رسائی کے لیے
اس QR کوڈ کو اسکین کریں!

# سروگیسی (کرائے کی ماں)

## اگر ہم اپنے بچے کی پیدائش کے لیے سروگیٹ (کرائے کی ماں) استعمال کر رہے ہوں تو مجھے کیا جاننا چاہیے؟

سروگیسی کے معاملات میں، جس خاتون نے بچے کو اپنے رحم میں رکھا اور جنم دیا ہے (جسے جیسٹیشنل کیریئر کہا جاتا ہے) اور اس کا شریکِ حیات (اگر موجود ہو) بچے کی پیدائش کے وقت جاری ہونے والے اصل پیدائش سرٹیفکیٹ پر بچے کے والدین کے طور پر درج ہوں گے۔ مطلوبہ والدین (Intended Parents) کو نئے پیدائش سرٹیفکیٹ پر درج کرنے سے پہلے، ورجینیا کے قانون کے مطابق جیسٹیشنل کیریئر اور اس کے شریکِ حیات کو اپنے والدین کے حقوق سے دستبردار ہونا ضروری ہے۔

## پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر ماں کے طور پر کس کا نام درج کیا جاتا ہے؟

پیدائش کے سرٹیفکیٹ میں "ماں" سے مراد وہ خاتون ہے جس نے جسمانی طور پر بچے کو جنم دیا ہے۔ اسی لیے سرٹیفکیٹ پر اسی خاتون کی معلومات درج ہوتی ہیں جس نے بچے کو جنم دیا ہے۔ اگر سروگیٹ کیریئر شامل ہو تو اسپتال کی جانب سے آفس آف وائٹل ریکارڈز (OVR) کو بھیجے جانے والے سرٹیفکیٹ میں صرف پیدائشی ماں کی تفصیلات شامل ہوں گی۔ فکر نہ کریں—سرٹیفکیٹ موصول ہونے کے بعد OVR ہماری جانب سے ضروری ترامیم مکمل کر دے گا۔

اس موضوع پر **"انتہائی"** مفید معلومات تک رسائی کے لیے اس QR کوڈ کو اسکین کریں!



# نئے والدین کے لیے
# پانچ مفید تجاویز

### 1) مدد طلب کریں

یہ مشورہ نہایت اہم ہے! اگر آپ خود کو بوجھل یا پریشان محسوس کریں تو مدد مانگنے سے نہ گھبرائیں۔ دوست اور خاندان آپ کا ساتھ دینے کے لیے تیار ہوتے ہیں—چاہے گھر کے کاموں میں مدد ہو یا بچے کی دیکھ بھال تاکہ آپ کچھ دیر آرام کر سکیں۔

### 2) جب بھی موقع ملے، نیند پوری کریں

کچھ چیزیں انتظار کر سکتی ہیں—آرام نہیں۔ جب آپ کا بچہ سوجائے تو آپ بھی آرام کریں اور کچھ نیند پوری کر لیں تاکہ تازہ دم ہو سکیں۔

### 3) ہنگامی معلومات منظم رکھیں

ننھے بچے کے ساتھ تیاری رہیں۔ اہم معلومات—جیسے ڈاکٹر، اسپتال، الرجیز، اور انشورنس—اپنے فون میں محفوظ رکھیں تاکہ ہنگامی صورت میں فوراً دستیاب ہوں۔



### 4) دوسرے والدین سے رابطہ رکھیں

یہ مرحلہ مشکل ہو سکتا ہے۔ دیگر نئے اور تجربہ کار والدین سے مشورے اور تعاون کے لیے رابطہ کریں۔ سہارے کے لیے لوگ ہوں تو سب کچھ آسان اور مزیدار ہو جاتا ہے۔

### 5) اپنے احساسات پر بھروسہ کریں

آپ اپنے بچے کو سب سے بہتر جانتے ہیں۔ اگر کچھ غلط محسوس ہو تو انتظار نہ کریں—دل کو تسلی دینے کے لیے فوراً اپنے بچوں کے ڈاکٹر کو فون کریں۔

# رضاکارانہ طور پر ولدیت کا اندراج

## رجسٹرار کو رضاکارانہ اعترافِ ولدیت فارم کی تصدیق کے لیے کون سی شناختی دستاویز درکار ہوتی ہے؟

ورجینیا میں، رضاکارانہ اعترافِ ولدیت فارم مکمل کرنے سے پہلے دونوں والدین کا اس بات پر متفق ہونا ضروری ہے کہ بایولوجیکل باپ کون ہے۔ برتھ رجسٹرار اس پورے عمل میں آپ کی رہنمائی کرے گا، آپ کے حقوق کی وضاحت کرے گا، اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ سب کچھ واضح ہو۔

فارم کی تصدیق کے لیے، رجسٹرار کو آپ کی شناخت کی تصدیق کرنا ہوگی۔ اس مقصد کے لیے آپ سے درج ذیل میں سے کوئی ایک شناختی دستاویز فراہم کرنے کو کہا جائے گا:

1. امریکی پاسپورٹ
2. امریکی پاسپورٹ کارڈ
3. امریکی شہریت کا سرٹیفکیٹ
4. نیچرلائزیشن (شہریت حاصل کرنے) کا سرٹیفکیٹ
5. غیر ملکی پاسپورٹ
6. تصویر کے ساتھ امریکی گرین کارڈ
7. ریاست کی جانب سے جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس
8. ریاست کی جانب سے جاری کردہ شناختی کارڈ
9. امریکی فوجی شناختی کارڈ

اپنی شناختی دستاویز تیار رکھنے سے یہ عمل تیز اور آسان ہو جائے گا۔ یہ مرحلہ ولدیت کو قانونی طور پر قائم کرنے کے لیے اہم ہے، جس کا اثر آپ کے بچے کے حقوق اور مراعات پر پڑ سکتا ہے۔ اگر آپ پاس کوئی سوال ہے تو رجسٹرار آپ کی مدد کے لیے موجود ہے!

کیا آپ دولتِ مشترکہ ورجینیا میں رضاکارانہ طور پر پدری شناخت کے قیام کے بارے میں مزید جاننا چاہیں گے؟

Virginia Paternity Establishment Program
Add the DAD

مزید جاننے کے لیے
**یہاں اسکین کریں**



## میں غیر شادی شدہ ہوں۔ میں اپنے بچے کے پیدائش سرٹیفکیٹ پر باپ کا نام کیسے شامل کروا سکتی ہوں؟

اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو آپ اور بچے کے بایولوجیکل باپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ آپ اسپتال سے ڈسچارج ہونے سے پہلے رضاکارانہ اعترافِ ولدیت (AOP) فارم مکمل کریں۔ برتھ رجسٹرار یا مقررہ عملہ فارم پُر کرنے میں آپ کی مدد کرے گا اور وہیں اس کی نوٹری تصدیق بھی کر دے گا، جس سے یہ عمل تیز اور آسان ہو جاتا ہے۔ AOP مکمل کرنے سے قانونی طور پر والد کی شناخت قائم ہو جاتی ہے، جو والدین کے حقوق اور آپ کے بچے کے فوائد کے لیے اہم ہو سکتی ہے۔

اگر آپ اسپتال سے روانگی سے پہلے AOP مکمل نہیں کرسکیں تو فکر نہ کریں—آپ بعد میں بھی یہ فارم آفس آف وائٹل ریکارڈز میں جمع کروا سکتی ہیں۔ یہ کام آپ ذاتی طور پر یا بذریعہ ڈاک، اپنی سہولت کے مطابق کر سکتی ہیں۔ تاہم براہِ کرم یہ بات ذہن میں رکھیں کہ اگر والد کا نام ڈسچارج کے بعد شامل کیا جائے تو اس کے لیے ایک معمولی پروسیسنگ فیس لی جاتی ہے۔

AOP کو جلد مکمل کرنا آپ کے بچے کے قانونی حقوق کے تحفظ میں مدد دیتا ہے اور تحویل، کفالت اور طبی فیصلوں سے متعلق معاملات کو آسان بنا سکتا ہے۔ ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کے لیے یہ اہم مرحلہ ضرور مکمل کریں۔

## کیا والد کی شناخت قائم ہونے کے بعد اسے تبدیل کیا جا سکتا ہے؟

جی ہاں، مخصوص حالات میں والد کی شناخت ختم کر کے کسی دوسرے والد کی شناخت قائم کی جا سکتی ہے۔ اس کے لیے عموماً عدالتی حکم اور قانونی کارروائی کی ضرورت ہوتی ہے، جس میں بعض اوقات DNA ٹیسٹنگ بھی شامل ہو سکتی ہے۔

VIRGINIA DEPARTMENT OF SOCIAL SERVICES

DCSE Division of Child Support Enforcement



# اپنے بچے کے مستقبل کو محفوظ بنائیں – یہ الف، ب، ت جتنا آسان ہے!

چائلڈ سپورٹ سروسز آپ کے بچے کی مدد کر سکتی ہیں۔
شروع کرنے کا طریقہ۔

## A. چائلڈ سپورٹ سروسز میں سائن اپ کریں

ورجینیا میں ہزاروں خاندان پہلے ہی ہماری خدمات استعمال کر رہے ہیں—اور آپ بھی کر سکتے ہیں!

دونوں والدین یا دیکھ بھال کرنے والے درخواست دے سکتے ہیں۔ ہم مدد کے لیے موجود ہیں۔

## B. پدری شناخت قائم کریں

پدری شناخت قائم کرنے سے آپ کے بچے کو صحت بیمہ حاصل کرنے، اپنے خاندان کی طبی تاریخ جاننے اور دونوں والدین سے مدد حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کی پیدائش کے وقت شادی شدہ نہیں تھے، تو دونوں میں سے کوئی بھی والدین پدری شناخت قائم کرنے کے لیے مدد طلب کرسکتا ہے۔

## C. اپنا آن لائن اکاؤنٹ بنائیں

آج ہی اپنے محفوظ درخواست کو آن لائن شروع کرنے کے لیے QR کوڈ استعمال کریں۔

## D. دیگر خدمات

ہمارے پاس ایسے پروگرام ہیں جو ان والدین کی مدد کرتے ہیں جو اپنے بچے کو مالی مدد دینے میں مشکل محسوس کرتے ہیں۔ ہماری فیملی انگیجمنٹ سروسز کے بارے میں ہم سے پوچھیں۔

**کوئی سوال ہے؟ وزٹ کریں:**
**www.dss.virginia.gov/family/dcse**

اوقات:
پیر تا جمعہ
صبح 7 بجے سے شام 6 بجے تک

فون:
800-468-8894

ای میل:
askdcse@dss.virginia.gov

# بچپن کی حفاظتی ٹیکہ کاری




حفاظتی ٹیکوں سے خسرہ جیسی سنگین بیماریوں کو روکنے میں مدد ملتی ہے۔ یہ یقینی بنانا کہ آپ کا بچہ اپنا حفاظتی ٹیکہ وقت پر لگوا رہا ہے، ایک چھوٹا سا قدم ہے جو بہت بڑا فرق ڈال سکتا ہے۔

## میرے بچے کو کون سے ٹیکے کی ضرورت ہے؟

اپنے بچے کے ڈاکٹر سے ان ٹیکوں کے بار ے میں بات کریں جو آپ کے بچے کے لیے تجویز کیے جاتے ہیں۔

سینٹرز فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن (CDC) آپ کے بچے کو ٹیکہ لگوانے کے بہترین وقت کے لیے ایک تجویز کردہ شیڈول فراہم کرتا ہے۔

## میں اپنی فیملی کے لیے بلا معاوضہ ٹیکے کہاں سے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ کا بچہ CDC کے ویکسینز فار چلڈرن (VFC) پروگرام کے تحت مفت ٹیکے حاصل کر سکتا ہے۔ یہ سہولت اُن صحت مراکز، فارمیسیوں، اور مقامی محکمہ صحت میں دستیاب ہے جو VFC پروگرام میں اندراج شدہ ہیں۔

آپ بچپن کے حفاظتی ٹیکوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں اور https://www.vdh.virginia.gov/immunization پر جا کر یا دائیں طرف موجود QR کوڈ سکین کر کے VFC فراہم کرنے والے مراکز تلاش کر سکتے ہیں۔

# اپنی بعد از زچگی ملاقات کا وقت طے کریں

## میں نے ابھی ابھی ایک بچے کو جنم دیا ہے! اب کیا کریں؟

اسپتال چھوڑنے سے پہلے اپنی بعد از زچگی ملاقات کا وقت طے کریں۔ **اپنی اپائنٹمنٹ پر ضرور جائیں!**

VIRGINIA
MATERNAL & CHILD HEALTH

## مجھے بعد از زچگی دیکھ بھال کی کیوں ضرورت ہے؟

آپ کا جسم حمل، دردِ زہ، اور ولادت کے بعد صحت یاب ہو رہا ہوتا ہے۔ ایک صحت کا ماہر ماں کی صحت سے متعلق فوری خطرے کی علامات، بعد از زچگی ذہنی صحت سے متعلق مدد اور خاندانی منصوبہ بندی کے طریقوں پر بات کر سکتا ہے۔

**اپنے آپ کو مت بھولیں!** آپ کی صحت بھی اتنی ہی اہم ہے جتنی آپ کے نومولود بچے کی صحت۔





## کیا میرا محکمہ صحت میری مدد کر سکتا ہے؟

**جی ہاں!** اپنے محکمہ صحت سے رابطہ کریں تاکہ WIC، ہوم وزٹنگ معاونت، محفوظ نیند، کار سیٹ کی تعلیم، خاندانی منصوبہ بندی، کمیونٹی وسائل، اور بہت کچھ کے بارے میں معلومات حاصل کریں!

مزید معلومات کے لیے براہِ کرم اپنے مقامی محکمہ صحت سے رابطہ کریں۔

# نوزائیدہ اسکریننگ پروگرام

## اپنے بچے کی نوزائیدہ اسکریننگ کے نتائج کے بارے میں جانیں

### پوچھیں کہ کیا یہ جانچ کیے گئے تھے!

- نوزائیدہ کے خون کے نمونے کی اسکریننگ
- سنگین پیدائشی دل کی بیماری کی اسکریننگ (CCHD)
- سماعت کی اسکریننگ

# نوزائیدہ اسکریننگ: CCHD

Critical Congenital Heart Disease Program
VIRGINIA

### سنگین پیدائشی دل کی بیماری کی اسکریننگ

امریکن اکیڈمی آف پیڈیاٹرکس تجویز کرتی ہے کہ تمام نوزائیدہ بچوں کی CCHD کے لیے 24 گھنٹے بعد اور اسپتال سے ڈسچارج ہونے سے پہلے اسکریننگ کی جائے۔ پلس آکسی میٹری—ایک بے درد، غیر مداخلتی ٹیسٹ جو خون میں آکسیجن کی مقدار ناپتا ہے—ان بچوں میں بھی دل کی خرابیوں کا پتہ لگا سکتا ہے جن میں کوئی علامت ظاہر نہ ہوں۔ CCHD تقریباً ہر 1,000 نوزائیدہ بچوں میں سے 3 کو متاثر کرتا ہے، جان لیوا ہو سکتا ہے، اور پہلے سال میں علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ بروقت تشخیص فوری نگہداشت کو یقینی بناتی ہے۔

### CCHD نوزائیدہ اسکریننگ کے حقائق

- نوزائیدہ بچوں کی CCHD اسکریننگ عموماً 24 گھنٹے کی عمر میں بے درد اور غیر مداخلتی پلَس آکسی میٹری کے ذریعے کی جاتی ہے۔ خون میں آکسیجن کی سطح ناپنے کے لیے سینسر دائیں ہاتھ اور ایک پاؤں پر لگائے جاتے ہیں، جس سے CCHD کی وجہ سے کم آکسیجن کا پتا چل سکتا ہے—خواہ بچے میں علامات نہ بھی ہوں۔
- جو بچے اسکریننگ میں کامیاب نہ ہوں، ان کا دوبارہ ٹیسٹ کیا جاتا ہے اور مزید جانچ مثلاً ایکوکارڈیوگرام کی ضرورت پڑ سکتی ہے تاکہ CCHD کی تصدیق یا نفی کی جا سکے۔

## CCHD پلس آکسی میٹر کی جگہ:



پلس آکسی میٹرز دائیں ہاتھ اور پاؤں پر CCHD کی جانچ کے لیے لگائے جاتے ہیں۔

# نوزائیدہ کے خون کے نمونے کی اسکریننگ

**ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ (VDH) نیوبورن بلڈ اسپاٹ اسکریننگ (NBS) پروگرام** ان نوزائیدہ بچوں کی بروقت شناخت اور نگہداشت کی ہم آہنگی فراہم کرتا ہے جنہیں بعض نایاب مگر ممکنہ طور پر جان لیوا بیماریوں کا خطرہ ہو سکتا ہے۔ اسکریننگ کی جانے والی کچھ بیماریاں آپ کے لیے جانی پہچانی ہو سکتی ہیں: سِکل سیل انیمیا اور سسٹک فائبروسس۔

## یہ کیسے کام کرتا ہے؟

- پیدائش کے 24 سے 48 گھنٹے بعد ایڑی میں ہلکی سی سوئی لگا کر چند قطرے خون کاغذی کارڈ پر لگائے جاتے ہیں۔
- یہ کاغذی کارڈ اسکریننگ کے لیے ریاستی لیبارٹری میں بھیجا جاتا ہے۔ اسکریننگ ہفتے کے 7 دن، سال کے 365 دن ہوتی ہے!
- اسکریننگ کے نتائج NBS پروگرام کی نرسوں کی ٹیم کو بھیجے جاتے ہیں۔
- اگر نتائج فوری توجہ کے متقاضی ہوں تو NBS نرسیں بچوں کے ڈاکٹر، ماہرینِ نگہداشت، اور خاندان سے رابطہ کرتی ہیں تاکہ نگہداشت اور تشخیصی ٹیسٹنگ کو مربوط کیا جا سکے۔




## عام سوالات:

- کیا NBS اس وقت بھی ضروری ہے جب حمل کے دوران اور/یا جینیاتی جانچ پہلے ہی کی جا چکی ہو؟
  - ہاں۔ اگرچہ قبل از پیدائش اور/یا جینیاتی جانچ مددگار ہے، لیکن ان جانچوں کے کچھ حدود ہیں اور یہ ان تمام بیماریوں کا پتہ نہیں لگا پاتے جو NBS کے ذریعے اسکرین کی جاتی ہیں۔
- مجھے اپنے بچے کے نتائج کیسے معلوم ہوں گے؟
  - اسکریننگ کارڈ پر درج بچوں کے ڈاکٹر کو اسکریننگ کے نتائج کی ایک کاپی موصول ہوگی۔ اگر کسی وجہ سے آپ اپنے بچے کا ڈاکٹر تبدیل کرتے ہیں تو براہِ کرم اپنے نئے ڈاکٹر سے کہیں کہ وہ NBS پروگرام سے رابطہ کر کے نتائج حاصل کرے۔

## اپنے بچے کی NBS معلومات محفوظ رکھیں!

اپنے بچے کا NBS نتائج جاننا اس کی صحت کے لیے اہم فرق ڈال سکتا ہے۔ اپنے پہلے وزٹ کے دوران ڈاکٹر سے نتائج ضرور پوچھیں:

ڈیوائس آئی ڈی: ____________ نمونہ جمع کرنے کی تاریخ: ____________

## کوئی سوال ہے؟

NBS نرسیں ہفتے کے 7 دن، سال کے 365 دن آپ کی مدد کے لیے دستیاب ہیں! 804-864-7711 پر کال کریں یا newborn_screening@vdh.virginia.gov پر ای میل کریں۔

مزید معلومات، وسائل اور اسکرین کی جانے والی بیماریوں کی مکمل فہرست کے لیے ویب سائٹ پر جانے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں۔



# ابتدائی سماعت کی جانچ اور مداخلت

**ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ (VDH) ورجینیا ارلی ہیئرنگ ڈیٹیکشن اینڈ انٹروینشن (VA EHDI) پروگرام** نوزائیدہ بچوں کی سماعت کی اسکریننگ اور پیدائشی سائٹومیگالو وائرس (CMV) اسکریننگ کے حوالے سے خاندانوں کو معاونت فراہم کرتا ہے۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- پیدائش کے فوراً بعد، آپ کے بچے کی سماعت کی اسکریننگ کی جاتی ہے۔
- سماعت میں کمی تقریباً ہر 1,000 نوزائیدہ بچوں میں سے 3 کو متاثر کرتی ہے، جو کہ پیدائش کے وقت ہونے والی سب سے عام خرابی ہے۔
- آپ کے بچے کے کان حمل کے تقریباً 9 ہفتے میں بننا شروع ہو جاتے ہیں۔
- بچے 18 ہفتے میں سننا شروع کرتے ہیں اور 25 ہفتے میں آوازوں پر ردعمل دینے لگتے ہیں۔
- کچھ بچوں کو ان کی سماعت کے نتائج کی بنیاد پر CMV کا بھی جانچ کیا جا سکتا ہے۔
- CMV ایک عام وائرس ہے جو چھوٹے بچوں (عمر 1–5 سال) کے لعاب یا پیشاب کے قریبی رابطے سے پھیلتا ہے۔
- تقریباً ہر 3 میں سے 1 حاملہ خاتون جو CMV سے متاثر ہوتی ہے، وہ یہ وائرس اپنے ہونے والے بچے کو منتقل کر دیتی ہے۔

مزید معلومات اور وسائل کے لیے QR کوڈ اسکین کریں اور EHDI ویب سائٹ وزٹ کریں۔

## ورجینیا ارلی ہیئرنگ ڈیٹیکشن اینڈ انٹروینشن (VA EHDI) **پروگرام** والدین کو مشورہ دیتا ہے کہ وہ اپنے بچے کی بول چال اور نشوونما کے مراحل پر باقاعدگی سے نظر رکھیں۔

### کیا آپ جانتے ہیں کہ بولنے اور زبان کی نشوونما پیدائش کے ساتھ ہی شروع ہو جاتی ہے؟

چاہے آپ کے بچے کی سماعت کے ٹیسٹ کے نتائج کچھ بھی ہوں، یہ ضروری ہے کہ آپ ان کی سماعت اور بول چال کے مراحل کی باقاعدگی سے نگرانی کریں۔ بچے ارتعاش اور بصری اشاروں سے بھی ردِعمل دے سکتے ہیں، جس سے لگتا ہے کہ وہ سن رہے ہیں—اسی لیے نشوونما پر نظر رکھنا سماعت میں کمی کو بروقت پکڑنے میں مدد دیتا ہے۔

یہ کچھ اہم مراحل ہیں جو آپ کو اپنے بچے کی بول چال اور زبان کی نشوونما کی نگرانی میں مدد کریں گے:

**پیدائش سے 3 ماہ**

- اچانک تیز آواز پر ردعمل ظاہر کرتا ہے (پلکیں جھپکاتا یا چونک جاتا ہے)
- بات کرنے پر پرسکون ہوجاتا ہے اور مسکراتا ہے
- ”اوہ“ یا ”آہ“ جیسی سادہ آوازیں نکالتا ہے

**3 سے 6 ماہ**


- آنکھوں سے آواز کی سمت تلاش کرتا ہے
- مختلف آوازیں نکالتا ہے، چیخیں یا ہنسی جیسی آوازیں

**6 سے 9 ماہ**

- آوازوں کی طرف سر گھماتا ہے
- ”بابا“، ”ماما“ اور ”گاگا“ جیسی آوازوں میں بڑبڑاتا ہے

**9 سے 12 ماہ**

- سادہ الفاظ اور آوازیں دہراتا ہے
- ”ماما“ اور ”دادا“ صحیح طریقے سے بولتا ہے



زندگی کے ابتدائی چند سالوں میں زبان اور بول چال کی نشوونما نہایت اہم ہوتی ہے۔ اگر آپ کو اپنے بچے کے بارے میں کوئی بھی تشویش ہے تو آج ہی اپنے بچے کے ڈاکٹر سے بات کریں۔




## **ورجینیا ارلی ہیئرنگ ڈیٹیکشن اینڈ انٹروینشن (VA EHDI) پروگرام** اسپتال سے ڈسچارج ہونے کے فوراً بعد خاندانوں کے ساتھ سماعت کی اسکریننگ اور پیدائشی سائٹومیگالو وائرس (cCMV) اسکریننگ کے نتائج شیئر کرے گا۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

- اگر ضرورت ہو تو، آپ کے بچے کو 1 ماہ کی عمر تک دوبارہ سماعت کی اسکریننگ کروانی چاہیے
- اگر سماعت میں کمی موجود ہو تو 3 ماہ کی عمر تک اس کی تشخیص ہو جانی چاہیے۔
- اگر ضرورت ہو تو 21 دن کی عمر سے پہلے CMV کی تصدیقی جانچ کروانی چاہیے۔
- تقریباً ہر 4 میں سے 1 بچہ جو cCMV کے ساتھ پیدا ہوتا ہے، پیدائش کے وقت یا زندگی کے پہلے چند سالوں میں سماعت کی کمی کا شکار ہو سکتا ہے

VA EHDI آپ کے بچے کے ڈاکٹر کے ساتھ مل کر ہر قدم پر آپ کی رہنمائی اور مدد کرے گا اور آپ کے بچے کی سماعت اور cCMV کے نتائج کے بارے میں اگلے مراحل کی اطلاع ٹیکسٹ پیغامات، خودکار کال، اور فون کال کے ذریعے دے گا۔ VA EHDI نے MyEHDI بنایا ہے، جو ایک پیرنٹ پورٹل ہے تاکہ والدین اپنے بچے کی سماعت اور CMV صحت کے بارے میں باخبر رہ سکیں۔

مزید معلومات اور وسائل کے لیے QR کوڈ اسکین کریں
اور EHDI ویب سائٹ وزٹ کریں۔

# اوائل بچپن ہوم وزٹنگ

EARLY IMPACT VIRGINIA

## آپ کو یہ سب اکیلے کرنے کی ضرورت نہیں – ہوم وزٹنگ مدد کر سکتی ہے

آپ اور آپ کے بچے کے لیے مفت معاونت — حمل سے لے کر ابتدائی سالوں تک۔ ہر نئے والدین ایک مضبوط آغاز کے مستحق ہیں— آئیے آپ کے شانہ بشانہ چلیں!

ورجینیا کے ہوم وزٹنگ پروگرام حمل اور بچپن کے ابتدائی مرحلوں کے دوران خاندانوں کو مفت، ذاتی نوعیت کی معاونت فراہم کرتا ہے۔ ایک ہوم وزیٹر—جیسے نرس، ایجوکیٹر، یا فیملی سپورٹ اسپیشلسٹ—آپ کے گھر یا آپ کی سہولت کی جگہ پر آتا ہے۔ وہ بغیر کسی فیصلے کے سنتے ہیں، آپ کی کامیابیوں پر جشن مناتے ہیں، اور مشکل معاملات میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔ چاہے آپ پہلی بار والدین بنے ہوں یا اپنے خاندان میں اضافہ کر رہے ہوں، ہوم وزٹنگ آپ کو اعتماد، اوزار، اور وسائل فراہم کرتا ہے جن کی آپ کو ضرورت ہے۔



ہوم وزیٹر آپ کی معاونت کر سکتے ہیں:

- بچے کی نشوونما اور مراحل کو سمجھنے میں
- دودھ پلانے، خوراک، اور نیند کے معمولات میں
- رہائش، خوراک، یا بچوں کی ضروری اشیاء تلاش کرنے میں
- انشورنس یا صحت کی دیکھ بھال سے متعلق سوالات کو حل کرنے میں
- ذہنی دباؤ، بے چینی، یا زچگی کے بعد کے مسائل کو سنبھالنے میں
- بچوں کی دیکھ بھال، ملازمت کی تربیت، یا مقامی خدمات سے منسلک ہونے میں
- بس کسی ایسے شخص سے بات کرنے میں جو آپ کو سمجھتا ہو

ہر والدین معاونت کے مستحق ہے۔
جب آپ تیار ہوں تو ہم حاضر ہیں۔

مزید جاننے کے لیے تیار ہیں؟ www.EarlyImpactVA.org پر جائیں یا اپنے کمیونٹی میں پروگرام تلاش کرنے کے لیے یہ آسان QR کوڈ استعمال کریں۔

# کیئر کنکشن فار چلڈرن

Care Connection for Children™

کیئر کنکشن فار چلڈرن بچوں اور نوجوانوں کی خصوصی صحت کی ضروریات (CYSHCN) کے لیے ریاست بھر میں مراکز امتیاز کا نیٹ ورک ہے۔ یہ پروگرام خصوصی طبی خدمات کو بہتر بنانے، نگہداشت اور انشورنس فوائد کو مربوط کرنے، فنڈنگ کا انتظام معلومات اور حوالہ جات فراہم کرنے، فیملی سپورٹ دینے اور CYSHCN سے متعلق موضوعات پر کمیونٹی کو تربیت دینے کی کوششوں کی قیادت کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے کیئر کنیکشن فار چلڈرن کی ویب سائٹ پر جانے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں۔

## اہلیت

- پیدائش سے 21 سال کی عمر تک
- ورجینیا کے رہائشی

## جسمانی اہلیت

- عمر کے لحاظ سے معمول سے زیادہ صحت کی نگہداشت یا معاون خدمات کی ضرورت، جس میں گھر یا اسکول میں خصوصی علاج یا سہولیات شامل ہوں؛
- ہم عمر بچوں کے مقابلے میں جسمانی، ذہنی، جذباتی، یا سماجی نشوونما اور ترقی میں رکاوٹیں محسوس کرتے ہوں؛
- ان حدود کو سنبھالنے اور روزمرہ زندگی میں حصہ لینے کے لیے ادویات، خصوصی غذاؤں، طبی ٹیکنالوجی، معاون آلات، یا ذاتی مدد پر منحصر ہوں۔



# WIC ہم مدد کے لیے یہاں موجود ہیں

## WIC خاندانوں کی درج ذیل طریقوں سے مدد کرتا ہے:

- ذاتی نوعیت کی غذائی تعلیم تاکہ پورا خاندان بہتر کھانا کھا سکے
- دودھ پلانے کی معاونت، جس میں لیکٹیشن ماہرین، کلاس، ہم خیال گروپ، اور ضرورت مند ماؤں کے لیے بریسٹ پمپس شامل ہیں
- WIC فوڈ بینیفٹس جو گروسری اسٹور پر استعمال کیے جا سکتے ہیں تاکہ خاندانوں کو مناسب غذائیں فراہم کی جا سکیں
- مقامی صحت اور کمیونٹی تنظیموں سے حوالہ جات تاکہ خاندانوں کو درکار وسائل سے جوڑا جا سکے

VDH VIRGINIA DEPARTMENT OF HEALTH

اپنے مقامی WIC دفتر سے رابطہ کریں یا ورجینیا WIC دفتر کو **1-888-942-3663** پر کال کریں۔

**VirginiaWIC.com**

Wholesome Informed Choices WIC Virginia Women, Infants & Children

یہ ادارہ مساوی مواقع فراہم کرتا ہے۔



VitalChek®
A LexisNexis® Risk Solutions Company

# تمام نئی ماؤں کو مبارکباد!

**LexisNexis® Vital Chek®** پیدائش کے سرٹیفکیٹ اور دیگر اہم دستاویزات آن لائن منگوانے کا ایک قابل اعتماد ذریعہ ہے۔ ہمارا مقصد آپ کے نوزائیدہ بچے کا پیدائشی سرٹیفکیٹ آرڈر کرنے کے عمل کو آسان، تیز، اور ذہنی دباؤ سے فری بنانا ہے تاکہ آپ اُن چیزوں پر وقت دے سکیں جو واقعی اہم ہیں۔

- سادہ، 24/7 محفوظ آن لائن یا فون کے ذریعے آرڈر
- ایکسپریس ڈیلیوری پورے ملک میں دستیاب ہے
- زیادہ تر سرکاری استعمال کے لیے حکومت سے تصدیق شدہ
- امریکہ بھر میں 500 سے زائد وائٹل ریکارڈ ایجنسیوں کا مجاز آن لائن فراہم کنندہ

**آغاز کے لیے تیار ہیں؟**
VitalChek.com پر جانے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں۔

RELX Inc، LexisNexis کا رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے۔ وائٹل چیک اور وائٹل چیک کا لوگو LexisNexis Risk Solutions Inc کے رجسٹرڈ ٹریڈ مارکس ہیں۔ © 2025 LexisNexis Risk Solutions Inc.



VDH VIRGINIA DEPARTMENT OF HEALTH

Office of Vital Records
P.O. Box 1000
Richmond VA 23218-1000
804-662-6200
www.vdh.virginia.gov/vital-records/

اس بروشر میں شامل **"انتہائی"** اہم موضوعات کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے اس QR کوڈ کو اسکین کریں!